امام کے ساتھ رکوع میں شامل ہوتے وقت تکبیر تحریمہ کے لئے ہاتھ نہ اٹھانا

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-2465

تاریخ اجراء: 26 رجب المرجب 1445ھ/07 فروری 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر فرض نماز کی جماعت ہو رہی ہے۔ امام صاحب رکوع میں ہیں، رکوع کا وقت کم ہوتا ہے، تو کیا مقتدی بغیر کانوں تک ہاتھ اٹھائے تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے سیدھا ہاتھ باندھ لے اور پھر فورا تکبیر کہہ کر رکوع میں چلا جائے۔ تو کیا یہ عمل ٹھیک ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں اگر کسی نے کانوں تک ہاتھ اٹھائے بغیر صرف تکبیر تحریمہ کہی اور پھر رکوع میں شامل ہو گیا، تو اس کی نماز تو ہو جائے گی، لیکن ایسا نہیں کرنا چاہیے، اس وجہ سے کہ تکبیر تحریمہ کے وقت کانوں کے برابر تک ہاتھ اٹھانا سنت موکدہ ہے، جسے بلا عذر ترک نہیں کرنا چاہیے اور اگر کوئی بلا عذر ترک کرنے کی عادت بنالے تو وہ گنہگار ہوتا ہے اور آپ نے جو عذر بیان کیا کہ رکوع کا وقت کم ہوتا ہے، تو عرض ہے کہ ہاتھ کان تک اٹھانے میں بھی کوئی زیادہ دیر نہیں لگتی، جتنی دیر میں تکبیر تحریمہ کہی جائے گی، تقریباً اتنی ہی دیر میں کانوں تک ہاتھ اٹھانے میں لگیں گے، لہٰذا سنت کے مطابق ہاتھوں کو کانوں کے برابر اٹھا کر تکبیر کہی جائے۔ نیز پہلے ہی کوشش کی جائے کہ جلدی حاضر ہوں تاکہ ابتداءً ہی نماز میں امام کے ساتھ شامل ہو جائیں۔

تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھوں کو اٹھانا سنتِ مؤکدہ ہے، جیسا کہ تنویر الابصار مع الدر المختار میں ہے: ”(ولا یسن مؤکداً (رفع یدیه الا فی) سبعة مواطن۔۔۔۔ثلاثة فی الصلوة (تکبیرة افتتاح وقنوت وعید و خمسة فی الحج (استلام) الحجر (والصفا والمروة وعرفات، الجمرات)“ ترجمہ: سات مقامات پر ہاتھ اٹھانا سنت مؤکدہ ہے، تین نماز میں ہیں، تکبیر تحریمہ، تکبیر قنوت، عید کی تکبیر اور پانچ حج میں، استلام حجر، صفا، مروہ،

عرفات اور جمرات کے وقت۔(تنویر الابصار مع الدر المختار، کتاب الصلوۃ، ج02، ص263-262، مطبوعہ: کوئٹہ)

جد الممتار میں ہے:"لا یترک رفع الیدین عند التکبیر لانہ سنۃ مؤکدۃ ولو اعتاد ترکہ یاثم" ترجمہ: تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھانا ترک نہ کرے کہ یہ سنت مؤکدہ ہے اور اس کی عادت بنائی تو گنہگار ہو گا۔(جد الممتار، باب صفۃ الصلوۃ، ج03، ص177، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net